**11.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

……………………………….

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی دھماکے کی سازش رچنے والوں کو سخت وارننگ دی ہے۔ انھوں نے یقین دلایا کہ سکیورٹی ایجنسیاں اِس سازش کی تہہ تک جائیں گی۔
☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے ایجنسیوں کو لال قلعے دھماکے میں ملوث ہر ایک شخص کا پتہ لگانے کی ہدایات دی ہیں۔ اِس معاملے کی تحقیقات قومی تحقیقاتی ایجنسی کے سپرد کردی گئی ہے۔
☆ وزیر اعظم مودی نے تھمپو میں بھوٹان کے شاہ کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کی۔ انھوں نے پن بجلی پروجیکٹ کا افتتاح کیا۔
☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کے تحت 122 حلقوں میں تقریباً 69 فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔
☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں 6 نکسلی ہلاک ہوگئے۔
☆ اور بینائی سے محروم کھلاڑیوں کے خواتین ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں نئی دلّی میں بھارت نے سری لنکا کو افتتاحی مقابلے میں دس وکٹ سے ہرا دیا۔

……………………………….

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM Bhutan**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دلّی بم دھماکے کی سازش رچنے والوں کو بخشا نہیں جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ تحقیقاتی ایجنسیاں اِس معاملے کی تہہ تک جائیں گی اور سبھی قصورواروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ جناب مودی آج تھمپو میں بھوٹان کے سابق شاہ جگمے Singye وانگ چُک کے 70ویں یوم پیدائش کی تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ دلّی واقعے کے پیش نظر غمزدہ دل کے ساتھ تھمپو آئے ہیں۔ کَل شام دلّی میں لال قلعے کے نزدیک ایک طاقتور کار بم دھماکے میں آٹھ افراد کی جان چلی گئی تھی اور متعدد زخمی ہوگئے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ گذشتہ رات دھماکے کی تحقیقات کرنے والی ایجنسیوں کے رابطے میں تھے۔

**S/B PM on Delhi Blast**

جناب مودی ہمالیائی ملک کے دو روزہ دورے پر آج صبح بھوٹان کی راجدھانی پہنچے ہیں۔ جناب مودی نے

کہا کہ بھارت اور بھوٹان محض سرحدوں سے ہی مربوط نہیں ہیں بلکہ دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان ثقافتی رشتے بھی ہیں اور انھوں نے دونوں کے درمیان توانائی میں اشتراک اور کنکٹی ویٹی میں اضافے پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ آئندہ مستقبل میں بھوٹان کے دو شہروں کو بھارت کے وسیع ریل نیٹ ورک سے مربوط کرنے کے سلسلے میں ایک فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہ اس پروجیکٹ کے مکمل ہونے سے بھوٹان کے صنعتکاروں اور کسانوں کو بھارت کے وسیع بازار تک بہتر رسائی فراہم ہوگی۔

**S/B 2100 PM on Connectivity**

وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان توانائی کے سلسلے میں شراکت داری میں اضافہ ہو رہا ہے اور انھوں نے مزید کہا کہ وہ طویل عرصے سے زیر التوا ایک اور پن بجلی پروجیکٹ پر کام شروع کرنے کے سلسلے میں بھی غور وخوض کیا جارہا ہے۔

**S/B 2100 PM Modi on Hydo Power**

بھوٹان کے شاہ نے تھمپو کے **Changlimithang** اسٹیڈیم میں وزیر اعظم کی موجودگی میں ہزاروں بھوٹانی باشندوں کے ساتھ دلّی کے لال قلعہ دھماکے کے متاثرین کیلئے ایک دعائیہ مجلس کا بھی اہتمام کیا۔ بعد میں وزیر اعظم مودی نے تھمپو میں بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران انھوں نے توانائی، صلاحیت سازی، کنکٹی ویٹی، ٹیکنالوجی، دفاع اور سکیورٹی سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت کے بعد دونوں رہنماؤں نے بھارت اور بھوٹان کی جانب سے مل کر تعمیر کئے گئے **Punatsangchhu-II** پن بجلی پروجیکٹ کا بھی مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔**x**

## Shah Meeting Car Blast

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سکیورٹی ایجنسیوں کو دلّی دھماکے کی سازش رچنے والے ہر ایک قصووار کا پتہ لگانے کی ہدایات دی ہیں۔ کل شام قومی راجدھانی میں لال قلعے کے نزدیک ایک کار بم دھماکے کے پیش نظر نئی دلّی میں صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے سینئر عہدیداران کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے یہ بات کہی۔ انھوں نے کہا کہ دلّی دھماکے میں ملوث ہر ایک شخص، تحقیقاتی ایجنسیوں کے شکنجے سے بچ نہیں پائے گا۔ اس میٹنگ میں مرکزی داخلہ سکریٹری، انٹیلیجنس بیورو کے ڈائریکٹ، دلّی پولیس کمشنر اور قومی تحقیقاتی ایجنسی کے ڈائریکٹر نے شرکت کی۔ جموں وکشمیر پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نے ورچوئل وسیلے سے اس میٹنگ میں شرکت کی۔ اِس دوران، وزارت داخلہ نے اِس واقعے کی تحقیقات، قومی تحقیقاتی ایجنسی کے سپرد کردی ہے۔ حکام، دھماکے کی وجوہات کا پتہ لگانے اور لوگوں کی سلامتی اور حالات کو معمول پر لانے کو یقینی بنانے کے اقدامات کر رہے ہیں لہٰذا شہر میں سخت چوکسی برتی جارہی ہے۔ دلّی پولیس نے غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون **UAPA**، دھماکہ خیز مادوں کے قانون اور بھارتیہ نیائے سنہتا کی مختلف دفعات کے تحت ایک معاملہ درج کیا ہے۔ دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے مطلع کیا ہے کہ سکیورٹی وجوہات کے سبب لال قلعہ میٹرو اسٹیشن بند رہے گا۔ اُس نے کہا کہ دیگر اسٹیشن معمول کے مطابق کام کریں گے۔ لال قلعہ بھی جمعرات تک سیاحوں کیلئے بند رہے گا۔**x**

## Prez HM

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انگولا سے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ٹیلی فون پر بات کی۔ ذرائع نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ نے کل شام نئی دلّی میں لال قلعے کے نزدیک دلّی بم دھماکے کی تفصیلی معلومات حاصل کی۔

## President in Angola

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انگولا کا اپنا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے۔ وہ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت Botswana کیلئے روانہ ہوں گی۔ آج Luanda میں اپنے دورے کے آخری دن انھوں نے انگولا کے یومِ آزاد کی 50ویں سالگرہ کے جشن میں شرکت کی۔ یہ کسی مغربی افریقی ملک کا ایک بھارتی سربراہانِ مملکت کا پہلا دورہ تھا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ صدر جمہوریہ کے دورے سے کچھ اہم نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Manish Shiva**

انگولا نے International Big Cat Alliance (IBCA) اور Global Biofuels Alliance (GBA) میں شامل ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ ان دونوں اقدامات کی قیادت بھارت کر رہا ہے۔ GBA کو بھارت کی G20 کی صدارت کے دوران شروع کیا گیا تھا، اور اس کا مقصد پائیدار حیاتیاتی ایندھن کو اپنانے میں تیزی لانا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان Air Service Agreement پر بھی تبادلۂ خیال تکمیل کو پہنچا، جس کے تحت مستقبل میں براہ راست پروازوں کے امکان کی منظوری شامل ہے۔ اِس سے کاروبار اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے مضبوط ہوں گے۔دو اور مفاہمت ناموں پر بھی دستخط ہوئے ہیں، جن میں سے ایک پائیدار ماہی گیری اور ۔۔ایکوا کلچر میں تعاون اور بحری و سائل میں بہترین طریقوں کا استراک شامل ہے۔ دوسرا مفاہمت نامہ سفارتی عملے پر منحصر خاندان کے افراد کو ملازمت کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر اتفاق سے متعلق ہے۔

انگولا سے منیش شیوا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں محمد اعظم

صدر جمہوریہ مرمو آج رات Botswana پہنچیں گی۔

وہ اپنے ہم منصب، Botswana کے صدر Duma Boko کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گی اور وسیع تر موضوعات پر تبادلۂ خیال کریں گی۔Botswana نے بھی چیتوں کو بھارت منتقل کرنے کے سلسلے میں بھارت کے ساتھ تعاون کرنے پر اپنی تیاری کا اشارہ دیا ہے۔ x

## Bihar Poll

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی پولنگ آج پُرامن طور پر مکمل ہوگئی۔ دوسرے مرحلے کے تحت تقریباً 69فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ اس مرحلے کے تحت 20اضلاع کے 122حلقوں میں ووٹ ڈالے گئے۔136خواتین سمیت ایک ہزار302امیدواروں کی سیاسی قسمت کافیصلہ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بندہوگیاہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ

## VC Dharmendra Kumar Rai

سیمانچل خطے اور پہلے ماؤنوازوں کے تشدد سے متاثرہ ضلعوں میں رائے دہی کی شروعات کے بعد سے ہی پولنگ کا تناسب زیادہ رہا۔ سیمانچل کے ضلعوں جیسے کشن گنج، کٹیہار اور پورنیہ میں پچھلے انتخابات کی طرح اِس مرتبہ بھی رائے دہندگان کی پُرجوش شرکت دیکھی گئی۔ کشن گنج نے پولنگ کے معاملے میں آج نیا ریکارڈ بنایا، جبکہ کٹیہار اور پورنیہ میں بھی زبردست پولنگ کا اندراج ہوا۔ تاہم ووٹنگ کے تناسب کے معاملے میں نوادہ پیچھے رہا۔ ماضی میں ماؤنوازوں کے تشدد سے متاثرہ گیا اور بانکا ضلعوں میں بھی بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ نتیش کمارحکومت کے 12وزیروں کی سیاسی قسمت آج الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہوگئی۔ اِن میں جنتا دل یونائیٹیڈ کے بیجیندر پرساد یادو اور BJP کے ڈاکٹر پریم کمار اور رینو دیوی سمیت دیگر سرکردہ شخصیات شامل ہیں۔

اس کے علاوہ چار سیاسی جماعتوں کے ریاستی صدور کی قسمت کا بھی آج فیصلہ ہوگا۔ اِن مین کانگریس کے راجیش کمار، لوک جَن شکتی پارٹی رام ولاس کے راجو تیواری، ہندوستانی عوام مورچہ کے انل کمار اور AIMIM کے اختر الایمان شامل ہیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے ضمیر رضوی

ووٹوں کی گنتی اس ماہ کی 14 تاریخ کو کی جائے گی۔x

## Jharkhand By-Election

جھارکھنڈ میں، آج Ghatshila اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب کی پولنگ، 300پولنگ مراکز پر خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ ووٹنگ، صبح 7 بجے شروع ہوئی تھی اور شام پانچ بجے اختتام پذیر ہوئی۔ جھارکھنڈ کے چیف الیکشن کمشنر روی کمار نے آکاشوانی کو بتایا کہ Ghatshila اسمبلی حلقے کیلئے تقریباً 73اعشاریہ آٹھ–آٹھ فیصد ووٹ ڈالے گئے ہیں۔ x

## Chhattisgarh Maoists Killed

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں آج ایک مڈبھیڑ میں 6ماؤنواز مارے گئے۔ یہ مڈبھیڑ بیجاپور کے نیشنل پارک علاقے میں صبح سے جاری ہے۔ بیجاپور کے پولیس سپرنٹنڈینٹ ڈاکٹر جتیندر یادو نے بتایا کہ علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی سے متعلق انٹلیجنس کی اطلاع ملنے کے بعد دنتے واڑہ اور بیجاپور کے ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی مشترکہ ٹیم، خصوصی ٹاسک فورس کے ساتھ تلاش مہم پر بھیجی گئی تھی۔ حفاظتی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان رُک رُک کر فائرنگ کا سلسلہ صبح سے جاری ہے۔ اب تک مڈبھیڑ کے مقام سے ماؤنوازوں کی 6لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ سلامتی اہلکاروں نے مڈبھیڑ کے مقام سے خود کار ہتھیار، ایک اسٹین گن، ایک INSAS رائفل اور دیگر دھماکہ خیز مواد ضبط کیا ہے۔

بَستر رینج کے IGP سُندر راج P نے کہا کہ فرار ماؤنوازوں کو پکڑنے کیلئے پولیس اور حفاظتی فورسز کی اضافی ٹیمیں اطراف کے علاقوں میں پہنچ گئی ہیں۔ آخری خبریں ملنے تک آپریشن جاری ہے۔ x

## UIDAI Agreement

بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی، UIDAI نے بچوں کے لازمی بائیو میٹرک اپڈیٹ، MBU کیلئے ریسرچ کنسلٹینسی فرم، Behavioural Insights لمیٹڈ کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے بتایا کہ اِس سمجھوتے کا مقصد 5سے 15سال کے بچوں کے درمیان لازمی بائیو میٹرک اپڈیٹ کے تناسب کو بڑھانا ہے۔ اِس کا مقصد آدھار سے منسلک خدمات اور فوائد تک آسان رسائی کو ممکن بنانے کیلئے بروقت اپڈیٹ کو یقینی بناتے ہوئے برتاؤ، لاجسٹکس اور بیداری سے متعلق رکاوٹوں سے نمٹنا ہے۔

## Bhupender AIR Pollution

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں فضائی آلودگی کا جائزہ لینے کیلئے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس دوران جناب یادو نے سبھی متعلقہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے فضائی آلودگی سے نمٹنے کی ٹھوس کوششوں پر مبنی کارروائی جاتی رپورٹس پیش کرنے کو کہا۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت نے کہا ہے کہ دلّی–قومی راجدھانی خطے میں فضائی آلودگی کی روک تھام اور اُس کے کنٹرول سے متعلق اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے یہ اِس طرح کی چوتھی جائزہ میٹنگ تھی۔ وزیر موصوف نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ فصلوں کی باقیات کے بندوبست سے متعلق ضلع وار منصوبہ تیار کریں اور پرالی جلانے کے معاملات کی سال بھر نگرانی کریں۔

جناب بھوپیندر یادو نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے کی ریڈ کیٹگری صنعتوں میں اخراج کی نگرانی کے لگاتار آن لائن نظام اور فضائی آلودگی کی روک تھام سے متعلق آلات کی تنصیب کا ذکر بھی کیا۔ x

## Women T20

نابینا خواتین کھلاڑیوں کے پہلے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں بھارت نے اپنی مہم کی شروعات، جیت کے ساتھ کی ہے۔ نئی دلّی میں کھیلے گئے افتتاحی میچ میں آج میزبان بھارت نے سری لنکا کو 10وکٹ سے ہرا دیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے 13اوورز اور تین گیندوں میں صرف 41رن بنائے۔ بھارتی کھلاڑیوں نے بہترین فیلڈنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 7سری لنکائی کھلاڑیوں کو رن آؤٹ کیا، جب کپتان دیپکا ٹی سی، گنگا قدم اور جمنا رانی Tudu نے ایک–ایک وکٹ لئے۔ جواب میں بھارت نے محض تین اوورز میں بنا کسی نقصان کے 45رن کا نشانہ بآسانی حاصل کرلیا۔بھارتی کپتان دیپکا نے صرف 14میں 26رن بنائے، جس میں چار چوکے شامل ہیں۔ وہیں Anekha دیوی نے بھی چھ گیندوں میں شاندار 15رن بنائے۔ نابینا خواتین کھلاڑیوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں 6ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جن میں بھارت، سری لنکا، امریکہ، نیپال، آسٹریلیا اور پاکستان شامل ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆